الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 05 جولائی ، 2018ء

چیئرمین پیمراکی چیف الیکشن کمشنر اور سیکرٹری الیکشن کمیشن سے ملاقات۔

انتخابات کے شفاف انعقاد پر مکمل باہمی تعاون کی یقین دہانی ۔

چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ اور ایگزیکٹو ممبر پیمرا ا شفاق جمانی نے چیف الیکشن کمشنر اور سیکرٹری الیکشن کمیشن سے ملاقات کے دوران انتخابات کے مکمل شفاف اورغیر جانبدارانہ انعقاد کے لئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ۔

پیمرا نے الیکشن کمیشن کے جاری کردہ کوڈ آف کنڈیکٹ برائے میڈیا پر مکمل عمل درآمد کے حوالے سے چیف الیکشن کمشنر اور سیکرٹری الیکشن کمیشن کو پیش رفت سے آگاہ کیا۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے پیمرا کے توسط سے میڈیا کو درخواست کی ہے کہ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر مکمل عمل درآمد ممکن بنایا جائے ۔ کوڈ آف کنڈیکٹ کی روسےشام 07 بجے سے قبل کسی بھی رزلٹ کی اناؤنسمٹ پر پابندی ہوگی ۔ مزید برآں الیکشن کمیشن نے اس مرتبہ ایک میڈیا سیل بھی قائم کیا ہے جہاں میڈیا کو بروقت اور مستند رزلٹ فراہم کرنے کے حوالے سے بھی اقدامات کئے گئے ہیں۔

****